سوال

(817)اذکاراوروظائف کے بعد جسم پر پھونک مارنا یاہاتھوں پر پھونک مارکر جسم پر ملنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اذکار کرنے کے بعد اپنے جسم پر پھونک مارنا یا ہاتھوں کو پورے جسم پر ملنا حضورﷺ سے ثابت ہے یا نہیں؟ (خالد محمود بن غفور احمد۔ برکی، ضلع قصور) (۴اپریل ۲۰۰۳ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معوذات (الفلق، الناس، الاخلاص) پڑھ کر سوتے وقت یہ عمل کرنا سنت سے ثابت ہے۔ (صحیح البخاری، بَابُ الرُّقَی بِالقُرْآنِ وَالمُعَوِّذَاتِ، رقم: ۵۷۳۵) عمومی ذکر اذکار میں عمل ہذا ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:559

محدث فتویٰ